ہرگاہ مسمی (نام اور سکونت) تاریخ ماہ سنہ کو مطابق حکم سمن کے ہمارے روبرو اصالتاً یا معرفت اپنے مختار مجاز کے حاضر ہوا جس مین اس کے نام اس امر کی وجہ ظاہر کرنیکا حکم ہوا تھا کہ اس سے مچلکہ بہ تعداد مبلغ کے بشمول ایک ضامن (یا مچلکہ بشمول دو ضامنون کے باقرار ادائے مبلغ روپیہ فی ضامن اس اقرار کے ساتھ کیون نہ لکھایا جائے کہ مسمی مذکور میعاد مہینہ تک حفظ امن قایم رکھیگا۔ اور ہرگاہ اس وقت حکم اس مضمون سے تحریر پایا تھا کہ مسمی مذکور ایسا مچلکہ لکھے اور ایسا ضامن حاضر کردے ہا اگر ضمانت مطلوبہ اس

مخلف ہو جو سمن مین طلب ہوئی ہو تو اس کا ذکر یہان لکھا جائے اور نامبردہ حکم مذکور کی تعمیل مین قاصر رہا ہے ؂

لہذا تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمی مذکور کو اس وارنٹ کیساتھ اپنی حراست مین لیلو اور میعاد مذکور کے لئے (یہان میعاد قید کی مندرج ہوگی) جیلخانہ مذکور مین حفاظت سے رکھو۔ الا اس صورت مین کہ اسکی نسبت میعاد مذکور کے اندر[1] جایز طور پر حکم مخلصی کا دیا جائے اور اس وارنٹ کو بعد تحریر عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ اسکی تعمیل کس طور سے کیگئی واپس بھیجو ؂

آج بتاریخ ماہ سنہ ۱۹ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ؂

(مہر) (دستخط)

۱۴۔ وارنٹ حوالگی جبکہ ملزم نیک چلنی کی ضمانت دینے مین قاصر رہے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۲۳)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام ۔

ہرگاہ میرے روبرو یہ بات ظاہر کیگئی ہے کہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت وقومیت) ضلع کے اندر آوارہ خفیہ پہرتا رہا ہے اور پہر رہا ہے اور کوئی سبیل ظاہری معاش کی نہین رکہتا ہے (یا وہ اپنا کچہ حال بولایق اطمینان کے ہم بیان نہین کرسکتا ہے) یا

ہرگاہ شہادت نسبت رویہ عام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت وقومیت) ہمارے روبرو گذر کر ضبط تحریر مین آئی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ عادتاً سرقہ بالجبر کرنے والا ہے (یا نقب زن وغیرہ ہے جیسی صورت ہو)

اور ہرگاہ یہ مراتب قلمبند ہوکر اسکے نام حکم صادر ہوا ہے کہ مسمی میعاد کے لئے (یہان میعاد لکھی جائیگی) نیک چلنی رہنے کی ضمانت اس طرح داخل کرے کہ قطعہ محلکہ بشمول ایک ضامن (یا دو یا زیادہ ضامنون کے جیسی صورت ہو) بقید مبلغ روپیہ دیگی خود مبلغ روپیہ دیگی ضامن (یا دیگی ہر ضامن منجملہ ضامنان مذکور) لکہدے اور مسمی مذکور نے اس حکم کی تعمیل نہین کی اور بعوض اس قصور کے اسکے لئے (یہان میعاد لکھی جائیگی) کی قید تجویز ہوئی ہے الا اس صورت مین کہ وہ اُس میعاد کے اندر ضمانت داخل کردے ؂

لہذا تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمی مذکور کو معہ وارنٹ ہذا کے اپنی حراست مین لیلو اور میعاد (میعاد قید کے لئے) جیلخانہ مذکور مین اسکو حفاظت سے رکھو الا اس صورت مین کہ وہ دوران میعاد مین حکم مذکور کی تعمیل اس طرح کرے تو مسمی[2] مذکور کو جایز طور پر حکم مخلصی کا دیا جائے گا اور اس وارنٹ کو بعد تحریر

---

[1] نمونہ ۱۳ مین بجائے الفاظ ’’حکم مذکور کی تعمیل اس طرح سے کرے کہ مچلکہ مطلوبہ خود بشمول اپنے ضامن (یا ضامنون) کے لکھدے‘‘ ... اور ضمانت نامہ قبول کیا جائیگا تو مسمی (نام) مذکور کو مخلصی دیجائیگی کے الفاظ جایز طور پر حکم مخلصی کا دیا جائے بروئے ضمیمہ دوم ایکٹ ۱۹۰۳ء قایم کئے گئے ہین ؂

عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ اسکی تعمیل کیونکر کی گئی واپس ہو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ۱۸ء ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۱۵- وارنٹ واسطے رہائی کسی شخص کے جو بوجہ عدم ادخال ضمانت کے قید ہوا ہو

(ملاحظہ طلب دفعات ۱۲۳ و ۱۲۴)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام (یا بنام کسی اور عہدہ دار کے جسکی حراست میں وہ شخص ہو) ہرگاہ (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت قیدی) بموجب وارنٹ عدالت ہذا مورخہ ماہ تمہاری حراست میں سپرد کیا گیا تھا اور اسکے مابعد اس نے مجموعہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ کے مطابق حسب ضابطہ ضمانت دی ہے اور ہم کو وجوہ کافی بتائید اس بات کے معلوم ہوئی ہیں کہ نامبردہ کو بلا اندیشہ ضرر خلایق مخلصی دیجا سکتی ہے پس تم کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ فوراً مسمی مذکور کو اپنی حراست سے رہا کر دو۔ الّا اس صورت میں کہ وہ کسی اور وجہ سے حوالات میں رکھنے کے لایق ہو

آج بتاریخ ماہ سنہ ۱۸ء ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) دستخط

۱۶- حکم بابت اندفاع امور باعث تکلیف کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۳۳)

بنام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت اور قومیت اور سکونت)

ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ تم نے ان اشخاص کیلئے جو کسی شارع عام یا دیگر مقام عام کو استعمال کرتے ہوں۔ سد راہ (یا امر باعث تکلیف) قایم کی ہے جو الی آخرہ (یہاں سڑک یا مقام عام لکھنا چاہیئے) بوجہ الی آخرہٖ (یہاں اس شے کی صراحت لکھی جائیگی جسکی وجہ سے سد راہ یا امر باعث تکلیف پیدا ہوتا ہو) اور وہ سد راہ (یا امر باعث تکلیف) ابتک موجود ہے۔ یا۔

ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ تم بطور مالک یا سربراہکار کے کاروبار یا پیشہ اس جگہ حراست کاروبار یا پیشہ کی اور مقام کی جہاں وہ جاری ہے لکھی جائیگی) عمل میں لاتے ہو اور وہ خلایق کی تندرستی (یا آسایش) میں اسوجہ سے مضر ہے (یہاں مختصراً لکھا جائیگا کہ نتایج مضر کس طرح پیدا ہوتے ہیں) اور چاہیئے کہ وہ مسدود کر دیا جائے۔ یا دوسرے مقام پر اٹھا دیا جائے۔ یا۔

ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ تم مالک (یا قابض یا مہتمم) فلان تالاب (یا چاہ یا خندق) ہو جو شارع عام (یہاں شارع عام لکھا جائیگا) کے متصل ہے اور بوجہ اسکے کہ اس تالاب (چاہ یا خندق) کے گرد کوئی جنگلہ نہیں ہے۔ (یا جنگلہ حفاظت کے لئے غیر کافی ہے) خلایق کی عافیت کو اس سے خطرہ ہے۔ یا۔

ہرگاہ الی آخرہ (جیسی صورت ہو ۔)

بذریعہ اس تحریر کے تم کو ہدایت کی جاتی ہے اور حکم ہوتا ہے کہ عرصہ (یہان میعاد لکھی جائیگی) کے اندر (یہان صراحت کیجائیگی کہ امر باعث تحلیف کے دفع کرنے کے لئے کیا کرنا چاہئے) کردو یا بوقت   مقام   کی عدالت مین تاریخ   ماہ   آئندہ کو حاضر ہو کر اس بات کی وجہ ظاہر کرو کہ اس حکم کا اجرا کیون نہ کیا جاوے ۔ بذریعہ اس تحریر کے تم کو ہدایت کیجاتی ہے اور حکم ہوتا ہے کہ عرصہ (یہان میعاد لکھی جائیگی) کے اندر مقام مذکور پر ایسا کاروبار یا پیشہ موقوف کر دو اور پھر اسکو جاری نہ کرو یا یہ کہ کاروبار مذکور کو اس مقام سے جہان وہ اب ہوتا ہے اٹھا کر لیجاؤ

یا بوقت   عدالت فلان مین تاریخ   (حسب عبارت صدر) حاضر ہو وغیرہ

بذریعہ اس تحریر کے تم کو ہدایت کیجاتی ہے اور حکم ہوتا ہے کہ عرصہ (یہان میعاد لکھی جائیگی) کے اندر ایک جنگلہ کافی (یہان قسم جنگلہ اور صراحت مقام کی جہان جنگلہ لگے گا لکھی جائیگی) قایم کر دو یا بوقت   عدالت مین (حسب عبارت صدر) حاضر ہو وغیرہ ۔ یا ۔

بذریعہ اسکے مین تم کو حکم دیتا ہون اور ہدایت کرتا ہون وغیرہ (جیسی صورت ہو)

آج تاریخ   ماہ   سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ۔

(مہر)   (دستخط)

۱۷ ۔ حکم مجسٹریٹ مشعر تقرر جوری

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۳۸)

ہرگاہ تاریخ   ماہ   سنہ کو حکم بنام مسمی   اس ہدایت کے ساتھ جاری ہوا تھا (یہان خلاصہ حکم کا درج کیا جائیگا) اور ہرگاہ مسمی   مذکور نے درخواست مورخہ   ماہ   سنہ بدین استدعا ہے کہ روبرو گذرانی ہے کہ حکم واسطے تقرر جوری کے بنظر تنقیح اس امر کے صادر کیا جاوے کہ آیا حکم متذکرہ صدر معقول اور مناسب تھا یا نہین بذریعہ اس تحریر کے مسمیان (یہان نام وغیرہ پانچ یا زیادہ اہل جوری کے لکھے جائینگے) کو اہالی جوری واسطے تجویز و انفصال امر مذکور کے مقرر کرتا ہون اور اہالی جوری مذکور کو حکم دیتا ہون کہ اپنے فیصلہ کی رپورٹ اس حکم کی تاریخ سے   روز کے اندر ہماری کچہری واقعہ   مین داخل کرین ۔

آج تاریخ   ماہ   سنہ کو ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ۔

(مہر)   (دستخط)

۱۸ ۔ مجسٹریٹ کا اطلاعنامہ اور حکم تاکیدی بعد ظاہر ہونے تجویز جوری کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۰)

بنام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت اور سکونت)

اس تحریر کے رو سے تم کو اطلاع دیجاتی ہے کہ تمہاری درخواست کے بموجب جو تاریخ ماہ سنہ ء کو گذری تھی جو اشخاص جوری حسب ضابطہ مقرر ہوئے تھے انکی یہ رائے قایم ہوئی کہ وہ حکم جو تاریخ ماہ سنہ ء کو تمہارے نام اس ہدایت سے صادر ہوا تھا (یہان حکم کی ہدایت کا خلاصہ لکھا جائیگا) معقول اور مناسب ہے۔ پس حکم مذکور قطعی کر دیا گیا ہے اور بذریعہ اس تحریر کے تم کو ہدایت کیجاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ حکم مذکور کی تعمیل (یہان میعاد مہلت لکھی جائیگی) روز کے اندر کرو اگر نہ کروگے تو اس تاوان کے مستوجب ہوگے جو مجموعہ قوانین تعزیرات ہند مین عدول حکمی کے لیئے مقرر ہے۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ء ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۱۹۔ حکمنامہ بدین مضمون کہ دوران تحقیقات جوری مین کسی خطرۂ قریب الوقوع کے روکنے کی تدبیر کیجائے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۲)

بنام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت اور سکونت)

ہرگاہ تحقیقات معرفت اہالی جوری کے جو واسطے تجویز اس امر کے مقرر ہوئے تھے کہ آیا میرے حکم مصدرہ تاریخ ماہ سنہ ء معقول و مناسب ہے، یا نہین ہنوز جاری ہے اور میکے روبرو یہ بات ظاہر کی گئی ہے کہ وہ امر تکلیف وہ جو اس حکم مین مذکور ہے اس قدر قریب الوقوع خطرۂ عظیم خلایق کا باعث ہے کہ اسکے اندفاع کیلئے فوراً تدبیر مناسب کرنی ضرور ہے لہذا اس تحریر کے رو سے حسب احکام دفعہ ۱۴۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تم کو ہدایت کیجاتی ہے اور حکم تاکیدی دیا جاتا ہے کہ فوراً تا ظہور نتیجہ تحقیقات موقوفہ معرفت جوری کے فلان تدبیر (یہان صاف صاف لکھا جائیگا کہ خطرہ مذکور کے اندفاع چند روزہ کے لیئے کیا کرنا ضروری ہے) عمل مین لاؤ۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ء ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۲۰۔ حکم مجسٹریٹ مشعر امتناع ارتکاب مقررہ وغیرہ کسی امر باعث تکلیف کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۳)

بنام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت اور سکونت)

ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ (یہان الفاظ مناسب باتباع الفاظ مندرجہ نمونہ نمبر ۱۶ یا نمبر ۱۸ جیسی صورت ہو لکھی جائینگی

لہذا تم کو اس تحریر کے رو سے حکم تاکیدی اور قطعی ہوتا ہے کہ پھر بذریعہ رکھنے یا رکھوانے یا رکھنے کی اجازت وغیرہ دینے کے (جیسی صورت ہو) مکرر اس امر باعث تکلیف کے مرتکب نہ ہو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۲۱۔ حکم مجسٹریٹ مشعر امتناع مزاحمت یا بلوہ وغیرہ

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۴)

بنام (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت اور سکونت)۔

ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ تم (اس جگہ جائداد کی بخوبی صراحت کی جائیگی) پر قبضہ رکھتے ہو (یا اس کا انتظام کرتے ہو) اور اس اراضی میں نالی کھودنے کے وقت تمہارا ارادہ ہے کہ کوئی جزو اس مٹی اور پتھروں کا جو نالی سے نکلیں ایک شارع عام پر جو اراضی کے متصل ہے ڈالدیا رکھوا دو۔ جس سے اُن لوگوں کو مزاحمت پہنچنے کا خطرہ ہے جو سڑک کو استعمال میں لائیں۔ یا ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ تم اور تمہارے ساتھ اور بہت سے اشخاص (یہاں اشخاص کی قسم کی صراحت کیجائیگی) اس بات پر آمادہ ہیں کہ جمع ہو کر شارع عام پر سے (یا جیسی صورت ہو) بطور ایک مجمع مذہبی کے گذر کریں اور ایسے مجمع مذہبی کے وہاں ہو کر جانے سے احتمال بلوہ یا ہنگامہ کا ہے۔ یا ہرگاہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے الی آخرہ (جیسی صورت ہو)۔

لہذا اس تحریر کے رو سے تم کو حکم ہوتا ہے کہ کسی قدر مٹی یا پتھر جو تمہاری اراضی سے برآمد ہو شارع عام مذکور کے کسی مقام پر نہ رکھو یا رکھے جانے کی اجازت نہ دو۔ یا۔

اس تحریر کی رو سے تم کو ممانعت کیجاتی ہے کہ مجمع مذہبی کو شارع عام مذکور پر گذرنے نہ دو۔ اور تم کو تاکیداً ہدایت کیجاتی اور حکم دیا جاتا ہے کہ ایسے مجمع مذہبی میں کسی طرح شریک نہ ہو (یا جو تاکید بلحاظ صورت بقیہ کے لکھنی ضرور ہو)

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۲۲۔ حکم مجسٹریٹ مشعر اظہار اس امر کے کہ کون فریق اراضی وغیرہ متنازعہ پر قابض رہنے کا مستحق ہے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۵)

چونکہ باعتبار اُن وجوہ کے جو حسب ضابطہ قلمبند ہوئی ہیں ہم کو معلوم ہوا کہ ایک تنازع جس سے نقض امن پیدا ہونیکا احتمال ہے مابین (یہاں فریقین کے نام اور سکونت لکھی جائیگی یا اگر نزاع مابین جماعت ساکنان دیہہ کے ہو تو انکی صرف سکونت لکھنی

کافی ہے) نسبت (بیان شئے متنازعہ کا حال مختصر لکھا جائیگا) جو ہمارے علاقہ حکومت کے حدود مقامی مین واقعہ ہے برپا ہوا تھا اسپر حملہ فریقین مذکور کے نام حکم ہوا تھا کہ اپنے اپنے دعوے کے بیانات تحریری خصوص نسبت امر قبضہ واقعی (شئے متنازعہ) مذکور کے پیش کرین اور اوسکی نسبت تحقیقات باضابطہ کر کے ہم کو اطمینان ہوا کہ بلالحاظ صحت وغیر صحت دعوے ہر فریق کے نسبت قانونی استحقاق قبضہ کے دعوے قابض واقعی ہونے کا جو طرف کے (بیان نام یا اسمار بالتفصیل یعنی ولدیت وقومیت اور سکونت لکھی جائیگی) کے پیش ہوا ہے صحیح و درست ہے۔

پس ہم اپنا فیصلہ اس طرحپر ظاہر کرتے ہین کہ وہ شخص یا اشخاص (شئے متنازعہ) مذکور پر قابض ہین اور قبضہ مذکور قایم رکھنے کے مستحق ہین۔ اس وقت تک کہ وہ ضابطہ قانونی کے بموجب بیدخل کئے جائین اور ہم تاکیداً ممانعت کرتے ہین کہ اس درمیان مین کوئی شخص اسکے یا ان کے قبضہ مین مزاحم نہ ہوئے

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیاگیا

(مہر) (دستخط)

۲۳- وارنٹ قرقی وقت تنازع بابت قبضہ اراضی وغیرہ

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۶)

بنام عہدہ دار پولیس مہتمم پولیس سٹیشن مقام یا بنام کلکٹر مقام

ہرگاہ ہمارے روبرو یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ایک تنازع جس سے نقص امن ہونیکا احتمال ہے مابین (بیان اون اشخاص کا نام وسکونت لکھی جائیگی جن مین تنازع ہو یا صرف سکونت جبکہ نزاع مابین جماعت سکنائے دیہہ کے ہو) نسبت (بیان مختصر حال شئے متنازعہ کا لکھا جاویگا۔) جو ہمارے علاقہ کی حدود کے اندر واقعہ ہے برپا ہوا ہے اور اسپر فریقین مذکور کو حسب ضابطہ حکم ہوا تھا کہ اپنا اپنا دعوے نسبت امر قبضہ واقعی (شئے نزاع) مذکور کے تحریراً پیش کرین اور ہرگاہ دعادی مذکور کی تحقیقات باضابطہ عمل مین لاکر ہماری یہ تجویز قرار پائی ہے کہ فریقین مین سے کوئی فریق (شئے متنازعہ) مذکور پر قابض نہ تھا (یا ہم اپنا اطمینان نہین کر سکتے ہین کہ فریقین مین سے کون فریق حسب بیان متذکرہ بالا قابض تھا)۔

لہذا اس تحریر کے رو سے تم کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ (شئے متنازعہ) مذکور کو اس طور سے قرق کرو کہ اسکو لیکر اپنے قبضہ مین رکھو اور جبتک کہ ڈگری یا حکم کسی عدالت مجاز کا مشعر تصفیہ حقوق فریقین یا دعوے متعلقہ قبضہ کے صادر اور حاصل نہ ہوئے اس کو قرق رکھو اور اس وارنٹ کو بعد لکھنے عبارت ظہری تبصدیق اس امر کے کہ اسکی تعمیل کیونکر کیگئی واپس بھیجو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیاگیا

(مہر) (دستخط)

۲۴- حکم امتناعی مجسٹریٹ نسبت استعمال اراضی یا آب کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۴۷)

چونکہ تنازع نسبت حق استعمال (بیان مختصر بیان شے متنازعہ کا لکھا جائیگا) کہ جو ہمارے علاقہ کی حدود کے اندر واقعہ ہے اور جس اراضی (یا پانی) پر تنہا قابض ہونے کا دعوے طرف سے (بیان شخص یا اشخاص کے نام لکھے جائینگے) کے پیش ہوا ہے اور اسکی نسبت تحقیقات باضابطہ کرنیکے بعد ہمکو ثابت ہوا ہے کہ اس اراضی (یا آب) کے استعمال اور تصرف کا حق خلایق کو (یا اگر کسی ایک شخص یا قسم اشخاص کو ایسا حق حاصل رہا ہے تو ان کا نام اور پتہ لکھا جائیگا) حاصل رہا ہے اور یہ کہ (اگر اسکا استعمال تمام سال مین ہوسکتا ہو) اراضی یا آب مذکور کا استعمال تحقیقات مذکور کے شروع ہونے سے تین مہینے پہلے حاصل ہوتا رہا ہے (یا اگر اس کا استعمال صرف بعض خاص اوقات پر ہوسکتا ہو تو یہ لکھا جائے گا کہ اس کا استعمال ان اوقات مین سے سب سے پچھلے اوقات مین حاصل رہا ہے جن مین اُن کا استعمال کرنا ممکن ہے)

پس مین حکم دیتا ہون کہ مسمی　　　(جو دعویدار یا دعویداران قبضہ ہین) یا کوئی اور شخص ان کا واسطہ دار اراضی (یا آب) مذکور پر باخراج استفادہ و استعمال متعلقہ خلق اللہ کے تنہا قبضہ نہ کرے (یا قبضہ نہ رکھے) تا وقتیکہ وہ شخص (یا اشخاص) کسی عدالت مجاز سے ایسی ڈگری یا حکم حاصل نہ کرے (یا نہ کرین) جسمین اسکو (یا ان کو) قبضہ تنہا دلایا گیا ہو ؎

آج بتاریخ　　　ماہ　　　سنہ ؁ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　(دستخط)

۲۵- مچلکہ اور ضمانت نامہ جو وقت تحقیقات ابتدائی روبرو عہدہ دار پولیس کے لکھا جائیگا

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۶۹)

چونکہ مجھہ (نام) ساکن　　　پر الزام ارتکاب جرم　　　کا لگایا ہے۔ اور بعد تحقیقات کے مجھہ کو حکم ہوا ہے کہ روبرو صاحب مجسٹریٹ مقام　　　کے حاضر ہون۔ یا
اور بعد تحقیقات کے میرے نام حکم ہوا ہے کہ مچلکہ اس اقرار کے ساتھہ مین خود لکھدون کہ جب کبھی میری طلبی ہو گی مین حاضر ہونگا۔ لہذا اس تحریر کی رو سے اپنے تئین پابند کرتا ہون کہ مقام　　　پر عدالت　　　مین　　　تاریخ　　　ماہ آئندہ (یا کسی اور روز جو میری حاضری کے لیے مقرر کیا جائے) حاضر ہو کر جرم قرار دادہ کی جوابدہی حزید کرون گا اور اگر اس اقرار کے بجالانے مین قصور کرون تو مبلغ　　　بطور تاوان ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کو ادا کرون گا۔

مورخہ　　　ماہ　　　سنہ ؁　　　(دستخط)

• مین (باہم مشترکاً و منفرداً اپنی اپنی طرف سے اقرار کرتے ہین) اقرار کرتا ہون کہ مین (یا ہم) اسمی کیطرف سے اس بات کا ضامن ہون (یا ہین) کہ مسمی مذکور تاریخ ماہ آئندہ کو (یا کسی اور تاریخ کو جو بعد ازین اسکی حاضری کے لئے مقرر کیجائے) عدالت واقعہ مقام مین اس غرض سے حاضر ہوگا کہ اپنے ذمہ کے جرم قرار دادہ کی جوابدہی مزید کرے اور اگر وہ حاضر ہونے مین قصور کرے تو مین (یا ہم) اپنے تئین پابند کرتا ہون (یا کرتے ہین) کہ مبلغ بطور تاوان ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کو ادا کرونگا (یا کرینگے)

مورخہ ماہ سنہ (دستخط)

۲۶ - مچلکہ پیروی استغاثہ یا ادائے شہادت

(ملاحظہ طلب دفعہ ۱۷۰)

مین (نام) ساکن (مقام) اس تحریر کی رو سے اقرار کرتا ہون کہ مین تاریخ ماہ آئندہ کو بوقت نو اخت گذشتہ روز مقام بعدالت بمقدمہ الزام بنام حاضر ہوکر وہان استغاثہ کی پیروی (یا استغاثہ کی پیروی اور ادائے شہادت) (یا ادائے شہادت) کرونگا - اور اگر اس مین قصور کرون تو مین اقرار کرتا ہون کہ مبلغ روپیہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کو بطور تاوان ادا کرونگا

مورخہ ماہ سنہ (دستخط)

۲۷ - اطلاع سپردگی مقدمہ منجانب مجسٹریٹ بنام وکیل سرکار

(ملاحظہ طلب دفعہ ۲۱۸)

مجسٹریٹ مقام اس تحریر کی رو سے اطلاع دیتا ہے کہ اس نے مسمی کو اجلاس سشن آئندہ مین تجویز کے لئے سپرد کیا ہے - پس مجسٹریٹ مذکور اس تحریر کی رو سے وکیل سرکار کو ہدایت کرتا ہے کہ استغاثہ مذکورہ کی پیروی کرے

الزام جو بنام ملزم کے لگایا ہے یہ ہے کہ الخ (یہان الزام حسب فرد قرار داد جرم کے لکھا جائیگا)

مورخہ ماہ سنہ (دستخط)

۲۸ - فرد قرار داد جرم

(ملاحظہ طلب دفعات ۲۲۱ و ۲۲۲ و ۲۲۳)

(۱) فرد قرار داد جرم جسمین ایک الزام ہو

(الف) مین (مجسٹریٹ کا نام اور عہدہ وغیرہ) اس تحریر کی رو سے تم (شخص ملزم کا نام) پر حسب تفصیل ذیل الزام قایم کرتا ہون

(ب) کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ ؁ کو یا اسکے قریب موقعہ پر ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کے

مجموعہ تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۲۱ پر | مقابلہ مین جنگ کی لہذا تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۲۱ مین مقرر ہے اور جو عدالت سشن کی سماعت کے لایق ہے (جب فرد قرار داد جرم کو مجسٹریٹ پریزیڈنسی ترتیب دے تو بجائے عدالت سشن کے عدالت ہائی کورٹ قایم کیجائیگی)۔

(ج) اور مین اس تحریر کے ذریعہ سے حکم دیتا ہون کہ تمہارے مقدمہ کی تجویز بنائے الزام مذکور عدالت موصوفہ کے روبرو عمل مین آئے۔

(مجسٹریٹ کے دستخط اور مہر)

(فقرہ (ب) کے عوض یہ عبارت قایم ہوسکتی ہے)۔

(۲) کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ ؁ کو یا اس کے قریب مقام پر آنریبل صاحب ممبر کونسل جناب نواب گورنر جنرل بہادر ہند کو یہ نتیجہ پیدا کرنے کے لئے کہ صاحب موصوف اپنے منصب ممبری۔

دفعہ ۱۲۴ کی بنا پر | کے اختیارات جایز کی تعمیل سے باز رہین ان پر حملہ کیا لہذا تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا ار مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۲۴ مین مندرج ہے۔ اور جو عدالت سشن (یا عدالت ہائی کورٹ) کی سماعت کے لایق ہو۔

دفعہ ۱۶۱ کی بنا پر | (۳) تم نے صیغہ مین سرکاری ملازم ہوکر مسمی سے منجانب مسمی کسی شخصی عمل کرنے سے باز رہنے کے لئے اجر جایز کے سوا مابہ الاحتفاظ بطور وجہ تحریک صریحاً قبول کیا لہذا تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۶۱ مین مندرج ہے۔ اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ کے ہے)۔

دفعہ ۱۶۶ کی بنا پر | تم تاریخ ماہ سنہ ؁ کو یا اسکے قریب مقام پر (فعل یا ترک فعل کے مرتکب ہوئے جیسی صورت ہو) اور وہ فعل خلاف منشاء دفعہ ایکٹ کے ہے اور تم جانتے ہو کہ اس فعل سے کو ضرر پہنچیگا۔ اور اس وجہ سے تم ایسے جرم کے مرتکب ہوئے ہو جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۶۶ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا ہائیکورٹ) کے ہے۔

دفعہ ۱۹۳ کی بنا پر | (۵) تم نے تاریخ ماہ سنہ ؁ کو یا اس کے قریب مقام پر جبکہ شخص کے مقدمہ کی تجویز در پیش تھی روبرو کے اپنی شہادت مین یہ بیان کیا کہ وہ اور تم اس بیان کو جانتے تھے یا باور کرتے تھے کہ جھوٹ ہے یا تم اس کو سچ باور نہین کرتے تھے اور اس وجہ سے تم نے ایسے جرم کا ارتکاب کیا جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۹۳ مین مندرج ہے اور وہ لایق سماعت عدالت

سشن (یا ہائیکورٹ کے ہے)

دفعہ ۳۰۴ کی بناء پر | (۶) تم تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام پر مسمی کی ہلاکت کے باعث ہو کر جرم قتل انسان مستلزم سزا کے مرتکب ہوئے ہو جو قتل عمد کی حد تک نہیں پہنچتا۔ پس تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۰۴ مین مندرج ہے اور جو لائق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؎

دفعہ ۳۰۶ کی بناء پر | (۷) تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام پر مسمی کی خودکشی مین جب اُس نے نشے کی حالت مین اپنے تئین ہلاک کیا اعانت کی لہذا تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۰۶ مندرج ہے اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؎

دفعہ ۳۲۵ کی بناء پر | (۸) تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام بالارادہ کو ضرر شدید پہنچایا۔ لہذا تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۲۵ مین مقرر ہے اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؎

دفعہ ۳۹۲ کی بناء پر | (۹) تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام سرقہ بالجبر نسبت (یہان نام لکھا جائیگا) کے کیا اور اس وجہ سے ایسے جرم کا ارتکاب کیا جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۹۲ مین مندرج ہے اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؎

دفعہ ۳۹۵ کی بناء پر | (۱۰) تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام ڈکیتی یعنی ایسے جرم کا ارتکاب کیا جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۹۵ مین مندرج ہے اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؎

جن مقدمات کی تجویز مجسٹریٹ کرے اُنمین بجائے اس عبارت کے "قابل سماعت عدالت سشن کے ہے" یہ عبارت لکھنی چاہیئے "قابل میری سماعت کے ہے" اور (ج) مین لفظ "عدالت موصوفہ" متروک کرنا چاہیئے ؎

(۲) فرد قرارداد جرم جسمین دو یا زیادہ الزام ہون۔

(الف) مین (مجسٹریٹ کا نام اور عہدہ وغیرہ) اس تحریر کی رو سے تم (شخص ملزم کا نام) پر الزام حسب تفصیل ذیل قایم کرتا ہون۔

(ب) اولاً یہ کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اسکے قریب بمقام ایک سکہ کو ملتبس
دفعہ ۲۴۱ کی بناء پر | جانکر دوسرے شخص مسمی کو شل سکہ اصلی کے حوالہ کیا لہذا تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے۔

جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۲۴۱ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؛

ثانیاً یہ کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام ایک سکہ کا ملتبس ہونا جانکر ایک اور شخص مسمی کو اس بات پر آمادہ کرنے کا اقدام کیا کہ وہ اصلی سکہ کی حیثیت سے اُس کو لے - لہذا - تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۲۴۱ مین درج ہے اور جو قابل سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؛

(ج) اور مین اس تحریر کے ذریعے سے حکم دیتا ہون کہ تمہارے مقدمہ کی تجویز بربنائے الزام مذکور عدالت موصوفہ سے عمل مین آئے ؛

(مجسٹریٹ کے دستخط اور مہر)

(بجائے فقرہ (ب) کے یہ عبارت قایم ہوسکتی ہے)

دفعات ۳۰۲ و ۳۰۴ کی بنا پر

(۲) اولاً یہ کہ تم تاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام مسمی کی ہلاکت کا باعث ہونے سے قتل عمد کے مرتکب ہوئے لہذا تم نے اُس جرم کا ارتکاب کیا جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۰۲ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؛

ثانیاً یہ کہ تم تاریخ ماہ سنہ کو یا اسکے قریب بمقام مسمی کی ہلاکت کا باعث ہونے سے ایسے قتل انسان مستلزم سزا کے مرتکب ہوئے جو حد قتل عمد تک نہین پہنچا - لہذا تم نے اُس جرم کا ارتکاب کیا جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۰۴ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے

دفعات ۳۷۹ و ۳۸۲ کی بنا پر

(۳) اولاً یہ کہ تم نے بتاریخ ماہ سنہ کو یا اُسکے قریب بمقام سرقہ کا ارتکاب کیا لہذا تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۷۹ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؛

ثانیاً یہ کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اُس کے قریب بمقام بغرض ارتکاب سرقہ کسی شخص کی ہلاکت کا باعث ہونے کی تیاری کرکے سرقہ کا ارتکاب کیا لہذا تم اُس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۸۲ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے ؛

ثالثاً یہ کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اسکے قریب بمقام ایک شخص کے مزاحم ہونے کی تیاری اس غرض سے کرکے سرقہ کا ارتکاب کیا کہ سرقہ کرکے تم کو بھاگ جانے کا موقعہ ملے لہذا تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۸۲ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے۔

رابعاً یہ کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ یا اسکے قریب بمقام اس مال کو بچا رکھنے کی غرض سے جو تم نے سرقہ سے حاصل کیا کسی شخص کو ضرر پہنچانے کی تخویف کی تیاری کرکے سرقہ کا ارتکاب کیا لہذا تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۸۲ مین مندرج ہے۔ اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے۔

الزامات علی طریق البدل دفعہ ۱۹۳ کی بنا پر۔

(۴) تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اس کے قریب بمقام جبکہ کی نسبت تحقیقات درپیش تھی کے روبرو ادائے شہادت مین یہ بیان کیا کہ " "

اور تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اس کے قریب بمقام جبکہ شخص کے مقدمہ کی تجویز درپیش تھی کے روبرو ادائے شہادت مین یہہ بیان کیا کہ " "

ان بیانات مین سے ایک کو تم جھوٹ جانتے تھے یا باور کرتے تھے یا سچ باور نہین کرتے تھے لہذا تم نے اس جرم کا ارتکاب کیا جو حسب دفعہ ۱۹۳ مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کے قابل سزا اور لایق سماعت عدالت سشن (یا عدالت ہائیکورٹ) کے ہے۔

جن مقدمون کی تجویز کہ مجسٹریٹ کے روبرو ہوا ہین۔ بجائے عبارت "قابل سماعت عدالت سشن" کے یہ لکھنا چاہیے "لایق میری سماعت کے" اور (ج) کی عبارت مین "عدالت موصوفہ" متروک کرنی چاہیے

(۳) فرد قرارداد جرم سرقہ جب ملزم پر سابق مین کوئی جرم ثابت قرار پا چکا ہو

مین (نام اور عہدہ مجسٹریٹ وغیرہ) بذریعہ اس تحریر کے تم (نام شخص ملزم) پر حسب تفصیل ذیل الزام قایم کرتا ہون کہ تم نے تاریخ ماہ سنہ کو یا اسکے قریب بمقام سرقہ کا ارتکاب کیا اور اس وجہ سے اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۷۹ مین مندرج ہے اور جو لایق سماعت عدالت سشن (یا ہائیکورٹ مجسٹریٹ جیسی صورت ہو) کے ہے۔

اور تم (بیان نام ملزم کا لکھا جائیگا) مذکور پر یہ الزام بھی قایم ہوا ہے کہ قبل ارتکاب جرم مذکور کے یعنی تاریخ ماہ سنہ روبرو (بیان نام اس عدالت کا لکھا جائیگا جسکی تجویز سے جرم ثابت قرار پایا ہو) مقام پر تمہارے ذمہ ایسا جرم ثابت قرار پایا جسکی سزا حسب مندرجہ باب ۱۷۔ مجموعہ قوانین تعزیرات ہند

قید میعادی تین برس کے مقرر ہے یعنی جرم نقب زنی بوقت شب (اس جگہ جرم کی تعریف انہی الفاظ سے لکھی جائیگی جو اس دفعہ میں ہوں جسکے بموجب شخص ملزم پر جرم ثابت قرار پایا ہو) اور وہ حکم جسکی رو سے وہ جرم ثابت قرار پایا تھا اب تک نافذ موثر ہے اور تم اس وجہ سے حسب منشاء دفعہ ۷۵ مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کے سزا اضافہ شدہ پانے کے لایق ہو۔

اور مین بذریعہ تحریر ہذا کے حکم دیتا ہوں کہ تمہارے مقدمہ کی تجویز عمل میں آئے۔ الخ

۲۹- وارنٹ حوالگی بربنائے حکم سزاء قید یا جرمانہ مصدرہ صاحب مجسٹریٹ

(ملاحظہ طلب دفعات ۲۴۵ و ۲۵۸ کے)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام۔

ہرگاہ تاریخ ماہ سنہ کو مسمی (قیدی کا نام) قیدی اول دوم سوم (جیسی صورت ہو) بمقدمہ نمبر مندرجہ کلنڈر سنہ بحضور مجھہ (نام اور عہدہ حاکم مجوز) بعلت جرم (بیان جرم یا جرایم کی تفصیل مختصر لکھی جائیگی) حسب منشاے دفعہ (یا دفعات) مجموعہ قوانین تعزیرات ہند (یا ایکٹ) کے مجرم قرار پایا اور اس پر حکم سزا (بیان صراحت مکمل اور مشرح سزا کی لکھی جائے گی) صادر ہوا تھا۔

لہذا تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی (قیدی کا نام) کو مع وارنٹ ہذا جیلخانہ کے اندر اپنی حراست مین لیکر وہان حکم سزاء متذکرہ صدر کی تعمیل قانون کے مطابق کرو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۳۰- وارنٹ قید جب زر معاوضہ بذریعہ قرقی وصول نہو سکے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۲۵۰)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام۔

چونکہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت او رقومیت) نے بنام مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت اور قومیت شخص ملزم) یہ نالش کی ہے کہ (مختصر احوال نالش کا بیان کیا جائے) اور نالش مذکور بے اصل (یا براہ ایذا رسانی) قرار پاکر خارج کی گئی ہے اور حکم اخراج میں مبلغ روپیہ بطور معاوضہ مسمی (نام فریادی) کے ذمے عاید کیا گیا ہے اور ہرگاہ مبلغ مذکور ہنوز ادا نہین ہوا ہے اور مسمی (نام فریادی) کی جائداد منقولہ کی قرقی سے

وصول نہین ہو سکتا ہے اور اسکی نسبت حکم صادر ہوا ہے کہ وہ میعاد　　　کے لیے جیلخانہ مین قید محض مین رہے سوا اس حالت مین کہ زر معاوضہ مذکور میعاد مذکور کے انقضا سے پہلے ادا ہو جائے۔

پس اس تحریر کی رو سے تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) مذکور کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمی مذکور کو مع وارنٹ ہذا اپنی حراست مین لیکر میعاد　　　(یہان میعاد قید لکھی جائیگی) مذکور کے لیے جیلخانہ مذکور مین حفاظت سے بقید شرایط دفعہ ۶۹ مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کے رکھو۔ الا اس صورت مین کہ زر معاوضہ مذکور میعاد مذکور کے انقضا سے پہلے ادا ہو جائے اور بفور ادا ہونے زر معاوضہ کے اسکو رہا کر دو اور اس وارنٹ کو مع عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ تعمیل اس کی کس طریقہ پر ہوئی واپس بھیجو۔

آج بتاریخ　　　ماہ　　　سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　　　(دستخط)

۳۱ - سمن بنام گواہ

(ملاحظہ طلب دفعات ۶۸ و ۲۵۲)

بنام مسمی　　　ساکن۔

ہرگاہ ہمارے روبرو نالش ہوئی ہے کہ مسمی　　　ساکن　　　جرم (یہان جرم کا مختصر حال بقید وقت اور مقام کے لکھا جائیگا) کا مرتکب ہوا ہے (یا اسکے ارتکاب کا اسپر شبہ کیا گیا ہے) اور ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ تم مستغیث کیطرف سے شہادت متعلقہ امور اہم دے سکو گے۔

لہذا تمہارے نام سمن جاری کیا جاتا ہے کہ تاریخ　　　ماہ　　　سنہ آئندہ کو دو پہر دن سے پہلے وقت دس بجے کے اس عدالت مین اس غرض سے حاضر ہو کہ نالش مذکور کی بابت جو کچھ تم کو معلوم ہو اسکی نسبت شہادت دو اور بلا اجازت عدالت کے وہان سے چلے نہ جاؤ اور تم کو بذریعہ اسکے متنبہ کیا جاتا ہے کہ اگر تم بلا وجہ جایز تاریخ مذکور پر حاضر ہونے مین غفلت یا اس سے انکار کرو گے تو تمہاری حاضری بالجبر کرنے کے لئے وارنٹ جاری کیا جائے گا۔

آج بتاریخ　　　ماہ　　　سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　　　(دستخط)

۳۲ - پرسیپٹ بنام مجسٹریٹ ضلع بغرض طلبی اہالی جوری و اسیسران

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۲۶)

بنام مجسٹریٹ ضلع　　　مقام۔

ہرگاہ یہ امر قرار پایا ہے کہ جلسہ سشن صیغہ فوجداری تاریخ ماہ آئندہ کو بکچہری مقام انعقاد پائے اور نام اشخاص مندرجہ پرسیپٹ ہذا ان آہالی جوری اور اسیسران کی فہرست مصححہ سے جو اس عدالت مین بھیجی گئی تھی بحسب ضابطہ بذریعہ چٹھی ڈالنے کے منتخب کیئے گئے ہین لہذا آپ کو بذریعہ اسکے حکم ہوتا ہے کہ آپ اشخاص مذکور کے نام سمن اس حکم سے جاری کرین کہ وہ تاریخ مذکور کو دس بجے قبل دوپہر دن کے جلسہ سشن مذکور مین حاضر ہون اور آپ کو چاہیئے کہ تاریخ مذکور سے پہلے اس امر کی تصدیق لکھکر بھیجین کہ آپنے اس پرسیپٹ کے مطابق ویسا عمل کیا ہے (اس جگہ نام اہالی جوری اور اسیسرون کے لکھے جائنگے۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　(دستخط)

۳۳ سمن بنام اسیسر یا اہل جوری

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۲۲)

بنام مسمی ساکن (مقام)

بمطابقت حکم قطعہ پرسیپٹ جو بمقام کی عدالت سشن سے میرے نام پہنچا ہے اور جس مین تمہارے نام ہدایت ہوئی ہے کہ جلسہ سشن آئندہ صیغہ فوجداری مین بطور اسیسر (یا اہل جوری کے) حاضر ہو لہذا تمہارے نام سمن جاری ہوتا ہے کہ تاریخ ماہ آئندہ کو بوقت نواخت دس بجے دن کو قبل دوپہر کے عدالت سشن مذکور مین حاضر ہو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور مہر سررشتہ سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　(دستخط)

۳۴ - وارنٹ حوالگی بر بنائے حکم سزائے موت

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۷۴)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ بمقام

ہرگاہ اجلاس سشن مین جو تاریخ ماہ سنہ ہمارے حضور ہوا تھا مسمی (نام قیدی) (قیدی اول یا دوم - یا سوم - جیسی صورت ہو) بمقدمہ نمبر مندرجہ کلنڈر سشن مذکور کی نسبت جرم قتل انسان مستلزم سزا جو قتل عمد کی حد تک پہنچتا ہے بموجب دفعہ مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کے حسب ضابطہ ثابت قرار پایا تھا اور اسکی نسبت حکم سزائے موت بشرط بحالی حکم مذکور بہ تجویز عدالت مقام صادر ہوا تھا۔

پس اس تحریر کی رو سے تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمیٰ (قیدی کا نام) مذکور کو معہ وارنٹ ہذا جیلخانہ مذکور کے اندر اپنی حراست مین لیکر اسکو وہان اسوقت تک حفاظت سے رکھو کہ وارنٹ یا حکم ثانی اس عدالت کا مشعر ہدایت تعمیل حکم عدالت متذکرہ صدر تمھارے پاس پہنچے ۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ۱۹ کو ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ۔

(مہر) (دستخط)

۳۵ - وارنٹ بغرض تعمیل حکم سزائے موت

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۸۱)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام ۔

ہرگاہ بذریعہ وارنٹ عدالت ہذا مورخہ ماہ سنہ ۱۹ مسمیٰ (نام قیدی) (قیدی اول یا دوم یا سوم جیسی صورت ہو) بمقدمہ نمبر مندرجہ کلنڈر سشن جو تاریخ ماہ سنہ ۱۹ کو ہمارے روبرو ہوا تھا بموجب حکم سزاء موت تمھاری حراست مین سپرد کیا گیا اور ہرگاہ حکم عدالت مقام مشعر بحالی اس حکم سزا کے اس عدالت مین پہنچا ہے

پس اس تحریر کے رو سے تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ حکم مذکور کی تعمیل اس طور سے کرو کہ تعمیل سزا کے وقت اور مقام پر مسمیٰ مذکور گلو بستہ اسوقت تک لٹکایا جاوے جبتک کہ اسکی جان نکل جائے اور اس وارنٹ کو بعد تحریر عبارت ظہری بہ تصدیق اس امر کے کہ حکم کی تعمیل ہو گئی عدالت ہذا کو واپس بھیجو ۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ۱۹ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ۔

(مہر) (دستخط)

۳۶ - وارنٹ جو بعد تبدیل حکم سزا کے جاری کیا جائے گا

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۸۱ و ۳۸۲)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام ۔

ہرگاہ اس اجلاس سشن سے جو بتاریخ ماہ سنہ ۱۹ منعقد ہوا تھا مسمیٰ (نام قیدی) (قیدی اول - یا دوم - یا سوم - جیسی صورت ہو) بمقدمہ نمبر مندرجہ کلنڈر سشن مذکور کی نسبت جرم جسکی سزا مجموعہ قوانین تعزیرات ہند کی دفعہ مین مقرر ہے ثابت قرار پاکر اسکی نسبت حکم سزا صادر ہوا اور اسکے بعد وہ تمھاری حراست مین سپرد کیا گیا اور ہرگاہ مطابق حکم عدالت مقام (جسکا مثنیٰ شامل وارنٹ ہذا کے ہے) ۔

وہ سزا جو حکم مذکور مین تجویز ہوئی تھی تبدیل ہوکر اسکے عوض حبس دوام بعبور دریائے شور (یا جیسی صورت ہو) تجویز کی گئی ہے۔

پس اس تحریر کی رو سے تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمّی (قیدی کا نام) جو حسب منشاء قانون جیلخانہ مذکور مین اپنے زیر حراست اس وقت تک رکھو جبکہ تمہارے نام حکم آئے کہ قیدی مذکور کو حکم مسطور کے بموجب سزائے حبس بعبور دریائے شور کو بھگتنے کے لئے دوسرے عہدہ دار مناسب کی حراست مین سپرد کردو۔

اگر سزائے تبدیل شدہ سزائے قید ہو بعد الفاظ "جیلخانہ مذکور مین اپنی زیر حراست رکھو" یہ عبارت لکھی جائیگی "اور وہان حسب منشاء قانون تعمیل سزائے قید کی مطابق حکم مذکور کے کرو"۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۳۷۔ وارنٹ وصول جرمانہ بذریعہ قرقی و نیلام کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۳۸۶)

بنام (نام اور عہدہ اس عہدہ دار پولیس یا اور شخص یا اشخاص کا جسکو یا جن کو وارنٹ کی تعمیل سپرد ہو)

ہرگاہ تاریخ ماہ سنہ کو ہمارے روبرو مسمّی (بیان نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت مجرم کی درج ہوگی) کے ذمہ جرم (بیان ذکر مختصر جرم کا لکھا جائیگا) ثابت قرار پاکر اسکی نسبت حکم ادائے جرمانہ تعدادی روپیہ صادر ہوا تھا۔ اور مسمّی (نام) مذکور نے باوصف اسکے کہ اس سے جرمانہ مذکور طلب ہوا تھا جرمانہ مذکور یا اسکا کوئی جزو ادا نہین کیا ہے؛

لہذا تم کو اختیار دیا جاتا اور حکم ہوتا ہے کہ قرقی بذریعہ قبضہ مین لائے کسی مال منقولہ مملوکہ مسمّی (نام) مذکور کے جو ضلع کے اندر دستیاب ہو کرو۔ اور اگر اندر میعاد (بیان تعداد ایام یا گھنٹون کی جسقدر مہلت دیجائے درج ہوگی) بعد وقوع قرقی مذکور کے تعداد جرمانہ ادا نہ کیجائے۔ (یا فوراً ادا نہ ہو) جائداد منقولہ قرقی شدہ کو یا اسقدر جزو اسکا جو جرمانہ بیباق کرنیکے لئے کافی ہو نیلام کرو اور اس وارنٹ کو بعد تحریر عبارت ظہری بہ تصدیق اس امر کے کہ اسکے مطابق تم نے کیا کارروائی کی بفور اختتام تعمیل وارنٹ کے واپس بھیجو؛

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۳۸۔ وارنٹ حوالگی متعلقہ بعض مقدمات بابت عدالت جبکہ جرمانہ کیا جائے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۴۸۰)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام ۔

ہرگاہ عدالت کے اجلاس مین جو آج کے روز ہوا تھا مسمی (یہان نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت مجرم کی لکھی جائیگی) نے عدالت کے روبرو (یا اسکے مواجہ مین) بالعمد عدالت کی اہانت کی ۔

اور ہرگاہ بپاداش ایسی اہانت کے عدالت سے یہ حکم صادر ہوا ہے کہ مسمی (مجرم کا نام) مذکور جرمانہ تعدادی ادا کرے یا بصورت عدم ادائے جرمانہ میعاد تک (یہان تعداد مہینون یا روزون کی درج ہوگی) قید محض مین رہے ۔

لہذا تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مذکور کو اجازت اور حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی (نام مجرم) مذکور کو مع وارنٹ ہذا کے اپنی حراست مین لیلو اور میعاد مذکور (یہان میعاد قید لکھی جائے گی) کے لئے جیلخانہ مذکور مین اس کو حفاظت سے رکھو الا اس صورت مین کہ زر جرمانہ اندر میعاد کے ادا ہوجائے اور جرمانہ وصول ہونے پر اسکو فوراً رہا کردو اور اس وارنٹ کو اسکی ظہر پر اس امر کی تصدیق لکھکر کہ اسکی تعمیل کیونکر ہوئی واپس کرو ۔

آج بتاریخ ماہ سنہ کو ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ۔

(مہر) (دستخط)

۹۰ مجسٹریٹ یا جج کا وارنٹ حوالگی جب گواہ جواب دینے سے انکار کرے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۴۸۵)

بنام (نام اور عہدہ عدالت کے عہدہ دار کا)۔

ہرگاہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت اور قومیت) بطور گواہ طلب ہوکر آیا ہے (یا عدالت کے روبرو حاضر کیا گیا ہے)۔ اور آج ایک جرم اقرار دادہ کی تحقیقات کے وقت اس سے شہادت طلب کیگئی ہے اور اس نے کسی خاص سوال (یا خاص سوالات) کے کئے جانے پر جو جرم قرار دادہ مذکور سے متعلق تھے اور جو حسب ضابطہ قلمبند کئے گئے بلا وجہ جائز اپنے انکار کے ان کے جواب دینے سے انکار کیا اور اس اہانت کی پاداش مین اسکو حراست مین نظر بند رکھنے کی تجویز (میعاد نظر بندی تجویز شدہ) کے لئے کی گئی ہے

لہذا تم کو اجازت اور حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی (نام) مذکور کو اپنی حراست مین لو اور عرصہ روز تک اس کو حراست مین حفاظت سے رکھو۔ الا اس صورت مین کہ وہ اس عرصہ مین زبانبندی لئے جانے اور سوالات مستفسرہ کے جواب دینے پر راضی ہو اور میعاد مذکور کے آخر روز یا بفور معلوم ہوجانے اسکی ایسی رضامندی کے اس عدالت کے روبرو قانون کے مطابق سلوک کئے جانیکے لئے اس کو حاضر کرو اور اس وارنٹ کو مع عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ اسکی تعمیل کس طریقہ پر ہوئی واپس کرو۔

آج بتاریخ　　ماہ　　سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　(دستخط)

۴۰۔ وارنٹ قید کا درصورت عدم ادائے زرپرورش

(ملاحظہ طلب دفعہ ۴۸۰)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام۔

ہرگاہ ہمارے روبرو ثابت ہوا ہے کہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت وقومیت اور سکونت) اس قدر سرمایہ کافی رکھتا ہے کہ اپنی زوجہ (نام) یا اپنے طفل (نام) کی جو بوجہ (یہاں وجہ لکھی جائیگی) خود اپنی پرورش نہیں کرسکتی ہے (یا نہیں کرسکتا ہے) پرورش کرے اور یہ کہ انکی پرورش کرنے میں اس نے تساہل (یا اس سے انکار کیا ہے)

اور اسپر حکم حسب ضابطہ صادر ہوا ہے کہ مسمی (نام) مذکور اپنی زوجہ (یا طفل) کو　　روپیہ ماہواری بطور پرورش ادا کرے۔ اور یہ بھی ثبوت کو پہنچا ہے کہ مسمی (نام) مذکور نے اس حکم سے عدول بالعمد کر کے مبلغ　　کہ وہی تعداد نان ونفقہ بابت ماہ (یا ماہہائے)　　کے اب واجب الادا ہے ادا نہیں کیا اور بہ طبق اسکے اسکی نسبت حکم ہوا کہ وہ جیلخانہ مذکور میں میعاد　　کے لئے قید محض (یا سخت) کاٹے۔

لہٰذا تم سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) کو اجازت اور حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی (نام) مذکور کو جیلخانہ مذکور کے اندر اپنی حراست میں معہ اس وارنٹ کے لیلو اور وہاں حکم مذکور کی تعمیل مطابق قانون کے کرو اور اس وارنٹ کو معہ عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ اسکی تعمیل کس طریقہ پر ہوئی واپس کرو۔

آج بتاریخ　　ماہ　　سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر)　　(دستخط)

۴۱۔ وارنٹ واسطے جبراً ادا کرانے زرپرورش بذریعہ قرقی اور نیلام کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۴۸۵)

بنام (نام اور عہدہ عہدہ دار پولیس یا اور شخص کا جس کو وارنٹ کی تعمیل سپرد کیجائے)

ہرگاہ حکم حسب ضابطہ صادر ہوا ہے کہ مسمی (نام) اپنی زوجہ (یا طفل) کو بقدر　　روپیہ ماہوار بطور پرورش کے ادا کرے اور یہ کہ مسمی (نام) مذکور نے اس حکم سے عمداً انحراف کر کے مبلغ　　کہ وہ تعداد نان ونفقہ بابت ماہ (یا ماہ ہائے)　　کے واجب الادا ہے ادا نہیں کیا۔

لہٰذا تم کو اختیار دیا جاتا ہے اور حکم ہوتا ہے کہ مسمی (نام) مذکور کی جائداد منقولہ کو جو ضلع کے اندر دستیاب ہو بذریعہ قبضہ کرلینے کے قرق کرو اور اگر قرقی مذکور کے بعد بھی (یہاں تعداد دنوں یا گھنٹوں کی لکھی جائے گی)

کے اندر (یا فوراً) مبلغ مذکور ادا نہ کیا جائے مال منقولہ قرق شدہ یا اسکا اس قدر جزو کو نیلام کرو جو واسطے بیباقی مبلغ مذکور کے کافی ہو اور اس وارنٹ کو مع عبارت ظہری مشعر تصدیق اس امر کے کہ تم نے بہ تعمیل اسکے کیا کارروائی کی ہے۔ بفور تعمیل ہو جانے وارنٹ مذکور کے واپس بھیجو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۴۲۔ مچلکہ اور ضمانت نامہ وقت تحقیقات ابتدائی روبروے مجسٹریٹ

(ملاحظہ طلب دفعات ۴۹۶ و ۴۹۹)

مین مسمی (نام) ساکن (مقام) کہ جرم مین ماخوذ ہو کر روبروے مجسٹریٹ مقام کے (جیسی صورت ہو) حاضر آیا ہون اور مجھسے ضمانت واسطے حاضر رہنے بیچ عدالت مجسٹریٹ اور عدالت سشن کے اگر ضرورت ہو طلب ہوئی ہے اس تحریر کے رو سے اقرار کرتا ہون کہ تحقیقات ابتدائی کے ہر دن کو جو اس جرم کی بابت عمل مین آئے مجسٹریٹ مذکور کی عدالت مین حاضر ہون گا اور اگر وہ مقدمہ تجویز کے لئے عدالت سشن مین سپرد کیا جائے۔ تو عدالت مذکور مین بھی واسطے جوابدہی الزام کے جو مجھپر لگایا گیا ہے موجود اور حاضر ہون گا اور اگر حاضر ہونے مین قصور کرون تو مبلغ روپیہ بطور تاوان ملکہ معظمہ قیصر ہند دام اقبالہٗ کو ادا کرون گا۔

مورخہ ماہ سنہ (دستخط)

مین اس تحریر کے رو سے اقرار کرتا ہون (یا ہم منفرداً و مشترکاً اپنی اپنی طرف سے اقرار کرتے ہین) کہ مین یا ہم مسمی (نام) مذکور کی طرف سے ضامن اس بات کا ہون یا ہین کہ وہ اس تحقیقات ابتدائی کے ہر روز جو نامبردہ پر الزام قرار دادہ کی بابت عمل مین آئے مسمی مذکور عدالت مین حاضر ہوگا اور اگر وہ مقدمہ تجویز کے لئے عدالت سشن مین سپرد ہو جاتے تو مسمی مذکور عدالت سشن مین بھی واسطے جوابدہی جرم قرار داد موجود اور حاضر ہوگا اور اگر وہ حاضر ہونے مین قصور کرے تو مبلغ بطور تاوان ملکہ معظمہ قیصرہ ہند دام اقبالہا کو ادا کرون یا کرین گے۔

مورخہ ماہ سنہ (دستخط)

۴۳۔ وارنٹ واسطے رہائی کسی شخص کے جو بقصور عدم ادخال ضمانت کے قید ہوا ہو

(ملاحظہ طلب دفعہ ۵۰۰)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ مقام (یا بنام دیگر عہدہ دار کے جسکی حراست مین وہ شخص ہو)

ہرگاہ اس عدالت کے وارنٹ مورخہ (ماہ سنہ) کے بموجب مسمی (نام اور تفصیل بینے ولدیت

وقومیت قیدی) تمہاری حراست مین سپرد کیا گیا تھا اور اس لئے بعدہٗ بشمول اپنے ضامن (یا ضامنون) کے
مچلکہ بموجب دفعہ ۴۹۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری حسب ضابطہ لکھدیا ہے ؛

لہذا تم کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ فوراً مسمیٰ (نام) مذکور کو اپنی حراست سے رہا کرو۔
اِلّا اس صورت مین کہ وہ کسی اور وجہ سے نظربند رکھے جانے کے مستوجب ہو۔

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا ؛

(مہر) (دستخط)

۴۴- وارنٹ قُرقی بجہت وصول تاوان مچلکہ

(ملاحظہ طلب دفعہ ۵۱۴)

بنام عہدہ دار پولیس مہتمم پولیس اسٹیشن مقام۔

ہرگاہ مسمیٰ (یہان نام اور تفصیل یعنی ولدیت وقومیت اور سکونت شخص کی چاہیئے) اپنے مچلکہ کے مطابق بوقت (یہان وقت لکھا جائیگا) حاضر نہین ہوا ہے اور ایسے قصور سے مبلغ (زرتاوان مندرجہ مچلکہ) ملکہ معظمہ قیصر ہند دام اقبالہا کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگیا ہے ؛

اور ہرگاہ مسمیٰ (نام شخص کا) مذکور کو اطلاع باضابطہ دی گئی تھی مگر باوجود اسکے نامبردہ نے مبلغ مذکور ادا نہین کیا ہے اور نہ اسکی کوئی وجہ کافی ظاہر کیگئی ہے کہ اس سے زر مذکور جبراً کیون نہ وصول کیا جاوے۔

لہذا تم کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ جو مال منقولہ مملوکہ مسمیٰ (نام) مذکور ضلع کے اندر ملے اسکو بذریعہ قبضہ مین لانے اور روک رکھنے کے قرق کرو اور اگر تاوان مذکور تین روز کے اندر ادا نہ کیا جائے تو مال مقروقہ مذکور کو یا اسکا وہ جزو جو بغرض وصول تعداد مذکور کے کافی ہو نیلام کرو اور بفور تعمیل ہوجانے وارنٹ کے کیفیت اس بات کی لکھکر بھیجو کہ وارنٹ کی تعمیل کیون کر ہوئی ؛

آج بتاریخ ماہ سنہ ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط)

۴۵- اطلاعنامہ بنام ضامن وقت عدول شرط مچلکہ حاضر ضامنی

(ملاحظہ طلب دفعہ ۵۱۴)

بنام ساکن ۔

ہرگاہ تاریخ ماہ سنہ کو تم مسمیٰ (نام) ساکن (مقام) کیطرف سے بدین اقرار ضامن ہوئے تھے کہ مسمیٰ مذکور تاریخ ماہ سنہ کو اس عدالت مین حاضر ہوگا اور یہ کہ اگر وہ حاضر نہ ہو تو

لہذا تم کو حکم دیا جاتا ہے کہ تاوان تعدادی روپیہ ادا کرو یا اسباب کی وجہ آج سے روز کے اندر ظاہر کرو کہ وہ تعداد تم سے جبراً کیون نہ وصول کیجائے

مرقومہ ماہ سنہ ۶
(مہر) (دستخط)

۵۰- وارنٹ بحکم قرقی مال اصل نویسندہ مچلکہ حفظ امن در صورت عہد شکنی کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۵۱۴)

بنام (نام او عہدہ عہدہ دار پولیس) پولیس اسٹیشن نام -

ہرگاہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت اور قومیت) نے تاریخ ماہ سنہ ۶ کو مچلکہ بقید تاوان روپیہ کے اس قرار کے ساتھہ لکھدیا تھا کہ وہ کوئی فعل داخل نقض امن وغیرہ نہ کرے گا جیسا کہ مچلکہ مین لکھا ہو اور ثبوت واجب الاخذ ہو جانے تاوان مچلکہ مذکور کے میرے روبرو گذر کر حسب ضابطہ قلمبند ہوا ہے اور ہرگاہ اطلاعنامہ بنام (نام) مذکور واسطے ظاہر کرنے وجہ اس امر کے اس پر جاری ہوا ہے کہ مبلغ مذکور کیون نہ ادا کیا جائے - اِلّا اس نے ایسی وجہ ظاہر نہین کی اور نہ مبلغ مذکور ادا کیا ہے ؎

لہذا تم کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ جو مال منقولہ ان مسمی (نام) مذکور ضلع کے اندر بقدر مالیت روپیہ کے تم کو دستیاب ہو اسکو بذریعہ قبضے مین لانے کے قرق رکھو - اور اگر مبلغ مذکور میعاد کے اندر ادا نہ کیا جائے تو مال مقروقہ یا اسکا وہ جزو جو واسطے وصول تاوان مذکور کے کافی ہو نیلام کرو - اور بفور تعمیل پالنے اس وارنٹ کے کیفیت اس بات کی لکھہ بھیجو کہ تم نے باتباع وارنٹ کے کیا تعمیل کی -

آج بتاریخ ماہ سنہ ۶ ہمارے دستخط اور عدالت کی مہر کر جاری کیا گیا ؎

(مہر) (دستخط)

۵۱- وارنٹ قید در صورت خلاف ورزی شرائط مچلکہ حفظ امن کے

(ملاحظہ طلب دفعہ ۵۱۴)

بنام سپرنٹنڈنٹ (یا محافظ) جیلخانہ دیوانی نام -

ہرگاہ ثبوت اس امر کا ہمارے روبرو گذر کر ضابطہ قلمبند ہوا ہے کہ مسمی (نام اور تفصیل یعنی ولدیت و قومیت) نے اس مچلکہ کے شرائط سے خلاف ورزی کی ہے جسمین اس نے امن کے قایم رکھنے کا وعدہ کیا تھا اور اس خلاف ورزی کے باعث وہ ملکہ معظمہ قیصر ہند دام اقبالہا کو مبلغ روپیہ بطور تاوان ادا کرنے کا مستوجب ہوا ہے ؎

اور ہرگاہ مسمی (نام) مذکور نے مبلغ مذکور ادا نہین کیا ہے اور نہ اسباب کی وجہ ظاہر کی ہے کہ زر مذکور